© rasailojaraid.com



(ب) اس جماعت پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ پُوری قوت کے ساتھ مادہ پرستانہ مسلک کا پرچار کرے اور لوگوں کو کھلے طور پر اس کی دعوت دے۔ مذہبی روایات نے اہلِ مشرق کو جن بندھنوں میں جکڑ رکھا ہے انہیں بے خوف ہو کر کاٹ دے اور اسی طرح لوگوں کو ان سے نجات دلائے۔

(ج) ریاست کے انتظام و انصرام کے لیے مشرق میں مضبوط حکومتیں قائم کی جائیں جو اجتماعی بچت اور سرمایہ کاری کے مختلف منصوبوں کو بالجبر نافذ کر کے پایۂ تکمیل تک پہنچا سکیں۔ یہ مقصد جمہوری نظامِ حکومت کے تحت حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ اس کے لیے آمریت ناگزیر ہے تاکہ قوت کے زور سے یہ انقلاب برپا کیا جائے اور جو عناصر اس راہ میں حائل ہوں انھیں طاقت کے ساتھ راستے سے ہٹا دیا جائے۔

**مولانا مودودی سے ملیے** | تالیف: جناب اسعد گیلانی صاحب۔ ناشر: آزاد بک ڈپو ہیر گردھا سول ایجنٹ: بساطِ ادب چوک انارکلی لاہور۔ قیمت ساڑھے چھ روپے۔ صفحات ۲۱۳۔

زیرِ تبصرہ کتاب مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی اور ان کے افکار و تصورات کا خوبصورت مرقع ہے۔ کتاب کے مرتب چونکہ خود تحریکِ احیائے اسلام کے پرجوش مبلغ اور سپاہی ہیں اس لیے انھوں نے مولانا کے فکری اور عملی دونوں پہلوؤں کو نگاہ میں رکھتے ہوئے اُن کی شخصیت کا بے لاگ جائزہ لیا ہے۔ کتاب اوّل سے آخر تک بڑی دلچسپ اور معلومات افزا ہے اور اسے پڑھ کر مولانا کی شخصی معاشرتی اور سیاسی زندگی، اُن کے اصول و نظریات کے ساتھ پُوری طرح اُبھر کر سامنے آجاتی ہے۔ پھر اس میں مبالغہ آمیزی کا وہ جُزبھی شامل معلوم نہیں ہوتا جو عام طور پر مذہبی شخصیتوں کی تذکرہ نگاری میں پایا جاتا ہے۔

**تواریخ عجیب المعروف کالا پانی** | تالیف مولوی محمد جعفر تھانیسری۔ مرتبہ محمد ایوب قادری۔ شائع کردہ: سلمان اکیڈیمی۔ حق نشان۔ ۳۰ نیو کراچی ہاؤسنگ سوسائٹی کراچی نمبر ۵ قیمت چار روپے پچاس پیسے۔ صفحات ۳۰۴

© rasailojaraid.com